سوال

(71) تسبیح پر تسبیحات پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

تسبیح پر تسبیحات پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ جب کہ تسبیح پر پڑھنے کا مقصد مقدار کی گنتی ہو؟

خالد۔ ی۔ مکہ المکرمہ

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اسے بعض اہل علم نے ناپسند کیا ہے تسبیح انگلیوں پر ہی افضل ہے جیسا کہ خود نبی ﷺ کیا کرتے تھے۔ نیز آپ ﷺ سے مروی ہے کہ آپ نے حکم دیا کہ ''تسبیح و تہلیل انگلیوں پر کی جائے'' نیز فرمایا کہ ''انگلیاں عند اللہ مسئول ہوں گی اور انہیں زبان عطا کی جائے گی'' اس حدیث کو ابوداؤد نے نکالا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ